# نیلامی حقوق کاشتکاری برائے تین سال زرعی اراضی سول ایریا اوکاڑہ کینٹ

ہر خاص و عام کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی اپنی زرعی اراضی واقع سول ایریا اوکاڑہ کینٹ کے حقوق کاشتکاری برائے عرصہ 03 سال کا نیلام عام کرنے جا رہا ہے۔ جو کہ مورخہ 26 مئی 2025 کو ہو گا۔ بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی 27 اور سہ بارہ مورخہ 28 مئی، 2025 کو ہو گی:۔

## ٹھیکہ جات کی شرائط درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1 | ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل الگ الگ ہر ٹھیکہ کے لئے زربیعانہ مبلغ 100,000 روپے بصورت کال ڈپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ہمراہ کاپی مصدقہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ جمع کروانا ہو گا۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے باقی افراد کو بولی ختم ہونے کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔ |
| 2 | دوسرے سال پہلے سال کے حقوق کاشتکاری کی کل رقم پر 10٪ اور تیسرے سال بھی کل رقم پر 10٪ سالانہ اضافہ ہو گا۔ |
| 3 | بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ باقی ماندہ افراد کو زربیعانہ موقع پر واپس کر دیا جائے گا۔ |
| 4 | بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا ½ حصہ موقع پر جمع کروانا ہو گا۔ ½ حصہ اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی جمع رہے گا۔ جو کہ حقوق کاشتکاری کی میعاد ختم ہونے کے 02 ماہ بعد واپس کیا جائے گا۔ |
| 5 | کامیاب بولی دہندہ کو مذکورہ اراضی کا قبضہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔ |
| 6 | منظوری کے بعد قبضہ نہ لینے کی صورت میں کامیاب بولہ دہندہ کا جمع شدہ ½ حصہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی ضبط کر لیا جائے گا۔ |
| 7 | کامیاب بولی دہندہ منظوری کے فوراً بعد قبضہ لینے سے پہلے مذکورہ اراضی کا 01 سال کا ایڈوانس ٹھیکہ اور باقی 02 سال کے ایڈوانس چیک جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ ناکامی پر کنٹونمنٹ بورڈ 07 یوم کا نوٹس دے کر کامیاب بولی دہنڈہ کا ½ حصہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلے گا اور مذکورہ اراضی کی دوبارہ بولی کروائی جائے گی۔ |
| 8 | کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کے بعد اور قبضہ لینے سے پہلے 07 دنوں کے اندر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ اپنے ہی خرچہ پر تحریری معاہدہ / ایگریمنٹ شیڈول (XIV of CLA Rules, 1937) کے تحت کرنا ہو گا۔ |
| 9 | کامیاب بولی دہندہ / کاشتکار کنٹونمنٹ بورڈ کی منظوری کے بغیر مذکورہ اراضی میں کسی قسم کی عارضی یا مستقل تعمیر نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی اجازت کے بغیر مویشی رکھ سکے گا۔ |
| 10 | کاشتکار مذکورہ اراضی کا کچھ حصہ یا پورا رقبہ اپنی مرضی سے کسی دوسرے شخص کو نہیں دے سکے گا۔ |
| 11 | کاشتکار زمین میں کھڑے سبز / خشک درخت نہیں کاٹے گا بلکہ ان کی حفاظت کا ذمہ دار ہو گا۔ |
| 12 | مذکورہ زرعی اراضی کا نہری پانی 32 منٹ فی ایکڑ ہفتہ وار ہو گا۔ |
| 13 | کامیاب بولی دہندہ / کاشتکار کو زرعی اراضی میں ممنوعہ فصل کے علاوہ ہر قسم کی کاشت کرنے کی اجازت ہو گی۔ |
| 14 | اگر حقوق کاشتکاری میں کنٹونمنٹ بورڈ کے کسی ملازم کے بلا واسطہ یا بلواسطہ ملوث ہونا ثابت ہوا تو حقوق کاشتکاری منسوخ کر دیے جائیں گے۔ |
| 15 | کل رقبہ برائے حقوق کاشتکاری 08 ایکڑ 04 کنال اور 04 ایکڑ 17 مرلے ہے۔ |
| 16 | کاشتکار زمین سے مٹی نہیں اٹھا سکے گا اور نہ کسی کو اٹھانے دے گا۔ |

| | |
|---|---|
| 17 | کاشتکار اپنی سکیورٹی کلئیر کرواکر آرمی اتھارٹیز سے انٹری پاس حاصل کرنے کا پابند ہو گا۔ |
| 18 | کاشتکار کسی بھی صورت میں نقصان ہونے پر رعائیت کا مستحق نہ ہو گا خواہ وہ قدرتی آفت ہے کیوں نہ ہو (مثلاً تیز آندھی اور بارشوں کی وجہ سے)۔ |
| 19 | کنٹونمنٹ بورڈ یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ مذکورہ زمین یا اس کا کچھ حصہ ڈویلپمنٹ یا کسی قسم کی سکیم میں آجانے کی صورت میں کاشتکار کو 15 یوم کا نوٹس دے کر زمین کا کچھ حصہ یا ساری زمین پر قبضہ کر لے۔ جس پر کاشتکار کو کوئی اعتراض نہ ہو گا اور نہ ہی کسی عدالت میں کیس دائر کرنے کا مجاز ہو گا۔ البتہ کھڑی فصل کے خرچہ کی بزریعہ کمیٹی جانچ پڑتال کے بعد رقم کاشتکار کو واپس کی جائے گی۔ |
| 20 | کاشتکار اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس، ملتان ریجن ملتان کو بھجوایا جائے گا جو بحیثیت ثالث (Arbitrator) ثالثی فیصلہ کریں گے۔ فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہو گا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔ |
| 21 | کامیاب بولی دہندہ / کاشتکار کو گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق انکم ٹیکس ہر سال ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔ |
| 22 | کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق ہو گا کہ اگر کاشتکار / کامیاب بولی دہندہ نیلامی شرائط / ایگریمنٹ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرے گا تو کنٹونمنٹ بورڈ بلا معاوضہ زمین پر قبضہ کر لے گا۔ جس پر کاشتکار کسی رعائیت کا مستحق نہ ہو گا۔ |
| 23 | کاشتکار کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے عائد کردہ دیگر تمام شرائط کا پابند ہو گا۔ |
| 24 | زیردستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ کسی بھی بولی کو حتمی منظوری سے پہلے مسترد کر دے۔ |
| 25 | نیلامی پر PPRA رولز لاگو ہوں گے۔ |
| 26 | مزید معلومات کے لئے دفتر ہذا سے دوران اوقات کار میں رابطہ کریں۔ |

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ کینٹ